لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ محرم الحرام ۱۳۴۱ھ مطابق ۲۸ اگست ۱۹۲۲ء	جلد ۳۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت وصولی زرچہرہ صفائی گولوں از ستاجران	۱ و ۲
۲	دفعات صاحب ممبر سکریٹری بہادر	۲
۳	بابت درجات ونگرانی پرائیویٹ ڈپارٹمنٹ	۳
۴	نقشہ بارش	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳۰ جولائی ۱۹۲۲ء

زرچہرہ صفائی گولون کا ستاجرون سے وقت معینہ پر وصول کرنے کے متعلق جو تجویز صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات ہے اور جس سے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر نے اتفاق کیا ہے وہ مناسب و منظور ہے کاغذات واپس ہون کہ اس حکم سے ان ستاجرون کو جنکا تعلق اس حکم سے ہے اطلاع دیجائے اور اطلاع یابی انکی کرلیجائے نقل حکم صاحب ریونیو سکریٹری کے پاس مرسل ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر مسل — نمبر شمار

جناب عالی

زر تیجہ و صفائی گولہا مستاجران کے وصول ہونے میں سخت زحمت ہوتی ہے مستاجران روپیہ داخل نہیں کرتے جس سے نقصان سرکار در رعایا متصور ہے ترقیخواہ کی اسکے متعلق یہ رائے ہے کہ حسب عملدرآمد سابق صفائی طلب گولہا کے متعلق بطریق مروجہ اطلاعنامہ میعادی بنام مستاجران جاری کیا جائے اور میعاد مندرجہ اطلاعنامہ تک ادخال رقم کا انتظار کیا جائے بعد ازان صفائی کا کام منجانب محکمہ جاری کرادیا جائے۔ جو رقم مستاجران ذمگی خود اندر میعاد داخل کر دینگے اُنسے کوئی سروکار نہوگا لیکن جن مستاجران کی ذمگی رقم اندر میعاد داخل نہو گی اُنکے حصہ کا روپیہ سرکار سے دلایا جائے گا۔ اور بارہ روپیہ فیصدی تک (جیسی حالت جس مستاجر کی تجویز ہو) اصل روپیہ صفائی پر ایزاد ہوکر مطالبہ صفائی مندرجہ اطلاعنامہ بلا سماعت عذر بذریعہ تحصیلدار صاحب محال یا رسالدار صاحب احتساب وصول کرالیا جائے۔ اس عمل سے احتمال نقصان جاتا رہے گا اور سہولت کار ہوگی اسکے متعلق ترقیخواہ نے جناب صاحب ریونیو سکریٹری بہادر سے بھی بذریعہ تحریر نمبری ۱۲۲۵ - ۱۰ فروری سنہ ۱۹۲۲ء استصواب رائے کیا تھا۔ ممدوح کا جواب ۲۰ فروری سنہ ۱۹۲۲ء بغرض ملاحظہ شامل ہے جسمیں انہوں نے ظاہر فرمایا ہے کہ کمیٹی مال سے بھی رائے طلب کیگئی ہے۔ کمیٹی نے رقم تاوان کم تجویز کی لیکن خود صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کو ترقیخواہ کی رائے سے اتفاق ہے۔

لہذا جملہ کاغذات بشمول عرضداشت ہذا بغرض ملاحظہ و صدور حکم ارسال ہیں اور گزارش ہے کہ بارہ روپیہ فیصدی تک تاوان وصول کرنیکی منظوری نافذ فرمائی جائے۔ جس مستاجر کی جیسی حالت ہوگی اُسی کے بموجب تعداد تاوان ترقیخواہ تجویز کریگا۔ دولت جاوید باد فقط

[illegible]

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۷ اگست سنہ ۱۹۲۲ء

بنظر مناسب لفٹنٹ کرنل محمد سعید اللہ خان ملٹری سکریٹری کی تنخواہ موجودہ تعدادی تین سو پچاس روپیہ ماہوار میں مبلغ پچاس روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ دو شنبہ کو معمولاً جو کمیٹی سکریٹریز ہوتی ہے اسمیں صاحب ملٹری سکریٹری بہادر بھی شریک ہوا کرینگے اور دربار میں نشست انکی بلاک سکریٹریز میں رہیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

[illegible]

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

تبادلہ جات

۱۹ اگست سنہ ۱۹۲۲ء

سید امداد علی پیشکار مولوی محمد مشیت اللہ صاحب متعینہ ڈیوڑھیات معلے بجائے شوکت علی خان اہلمد پیشی افسر صاحب فیلخانہ و شوکت علی خان بجائے عبدالرزاق خان نقل عرائض نویس سررشتہ و عبدالرزاق خان بجائے سید امداد علی پیشکار مذکورۃ الصدر مقرر ہوئے۔

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا